AQF / Shabbir

05-12-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 BJP کے سینئر رہنما دیوندر فڑنویس آج تیسری مرتبہ مہاراشٹر کے وزیراعلی کے طور پر حلف لیں گے۔

2. جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ ہیمنت سورین آج سہ پہر اپنی کابینہ کی توسیع کریں گے۔

3. خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اِسرو نے، یوروپ کی خلائی ایجنسی کے PROBA-3 کو آج دوبارہ لانچ کرنے کا پروگرام بنایا ہے۔

4. بھارت اور کویت نے وزرائے خارجہ کی سطح پر باہمی اشتراک وتعاون کیلئے مشترکہ کمیشن تشکیل دینے کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔

5. بنگلہ دیش کی معزول وزیراعظم شیخ حسینہ نے ملک کے عبوری رہنما محمد یونس پر نسل کُشی کا اِرتکاب کرنے اور ہندوؤں سمیت اقلیتوں کی حفاظت کرنے میں ناکام ہونے کا الزام لگایا ہے۔

6. اور : بھارت نے پاکستان کو تین کے مقابلے پانچ گول سے ہراکر ریکارڈ پانچویں مرتبہ مردوں کے جونیئر ایشیاء کپ ہاکی کا خطاب جیت لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

MAHA-BJP SWEARING-IN

BJP کے سینئر رہنما دویندر فڑنویس کو آج تیسری مرتبہ مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن ممبئی کے تاریخی آزاد میدان میں آج شام ساڑھے پانچ بجے، انہیں عہدے اور راز داری کا حلف دلائیں گے۔ جناب فڑنویس کو کل اتفاق رائے سے BJP لیجسلیچر پارٹی کا رہنما منتخب کیا گیا تھا۔ جناب فڑنویس نے اتحادی پارٹیوں کے رہنما شیوسینا کے سربراہ ایکناتھ شندے اور NCP کے سربراہ اجیت پوار کے ہمراہ کل گورنر موصوف سے ملاقات کی، جنھوں نے، اُنہیں ریاست میں نئی سرکار تشکیل دینے کیلئے مدعو کیا تھا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Prarthna

دیویندر فڑنویس ریاست کے 21 ویں وزیراعلیٰ ہوں گے۔ توقع ہے کہ اُن کے ساتھ ریاستی کابینہ کے وزراء بھی عہدے کا حلف لیں گے۔ وزیراعظم نریندر مودی، سینئر مرکزی وزراء، گورنرس، NDA کی حکومت والی ریاستوں کے وزراء اعلیٰ، پارٹی کے عہدیداران اور مہایوتی کے لیڈران اِس تقریب میں شرکت کریں گے۔ حلف برداری کی اس تقریب کے لیے وسیع پیانے پر انتظامات کیے گئے ہیں۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

گورنر موصوف سے ملاقات کرنے کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب فڑنویس نے کہا کہ شیوسینا اور NCP کے علاوہ راشٹریہ سماج Paksha، جن سوراجیہ شکتی پارٹی، یووَا سوابھیمان پکش کے روی رانا اور دو دیگر آزاد ارکان اسمبلی نے، انہیں حمایت کا خط سونپا ہے۔ جناب فڑنویس کو، مہاراشٹر اسمبلی انتخابات میں BJP کی شاندار قیادت کرنے اور اب تک کی بہترین کارکردگی حاصل کرنے کا سہرا جاتا ہے۔ BJP نے کُل 132 سیٹیں حاصل کیں، جو کہ اکثریت سے محض 13 سیٹیں کم ہیں۔ اس سے پہلے 54 سالہ فڑنویس دو مرتبہ وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لے چکے ہیں۔×

## JHARKHAND CABINET EXPANSION

جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ ہیمنت سورین آج اپنی کابینہ کی توسیع کریں گے۔ رانچی کے راج بھون میں دن میں ساڑھے بارہ منعقدہ ایک تقریب میں گورنر سنتوش کمار گنگوار ان وزیروں کو عہدے اور راز داری کا حلف دلائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C K.K.Lal

ہیمنت سورین سرکار کی نئی کابینہ میں 11 وزیروں کو شامل کیا جائے گا۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے 6، کانگریس کے 4 اور RJD کے ایک وزیر ہوں گے۔ کانگریس اپنے وزیروں کا فیصلہ پہلے ہی کرچکی ہے۔ گورنر سنتوش کمار گنگوار عبوری اسپیکر کے طور پر اسٹیفن مرانڈی کو عہدے کا حلف بھی دلائیں گے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے جنرل سکریٹری سُپریو بھٹاچاریہ نے کہا ہے کہ یہ کابینہ جھارکھنڈ کے تمام علاقوں کی نمائندگی کرے گی۔ ہیمنت سورین نے 28 نومبر کو جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیا تھا۔

رانچی سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## ISRO PROBA-3

بھارت کی خلائی تحقیقی تنظیم اِسرو نے یوروپی خلائی ایجنسی کے PROBA-3 کے لانچ کے اوقات کو ازسر نو ترتیب دیا

ہے۔ سٹیلائٹ میں خرابی کا پتہ لگنے کے بعد ایسا کیا گیا ہے۔ اب اسے آج سری ہری کوٹہ میں واقع ستیش دھون خلائی مرکز سے PSLV-C29 سے سہ پہر 4 بج کر 12 منٹ پر لانچ کیا جائے گا۔ اس سے پہلے اس مشن کو کل سہ پہر چار بجکر 8 منٹ پر لانچ کیا جانا تھا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Sudhindra**

*اِسرو کے ذریعہ PROBA-3 سٹیلائٹ کی لانچنگ عالمی شراکت داری اور انجینئرنگ کے کمال کی واضح مثال ہے۔ یہ PSLV کی 61 ویں اور PSLV-XL ساخت کا استعمال کرتے ہوئے اس کی 26 ویں پرواز ہوگی۔ یہ خلائی گاڑی آندھراپردیش کے سری ہری کوٹہ میں واقع Spaceport سے PROBA-3 سٹیلائٹ کو مدار میں پہنچائے گی۔ اس سے پیچیدہ مدار میں سٹیلائٹ کو نصب کرنے کی PSLV کی معتبریت کو تقویت ملے گی۔ یہ مدار زمین سے طویل ترین فاصلے 60 ہزار 530 کلو میٹر اور کم سے کم فاصلے 600 کلو میٹر پر ہوگا۔ دو سٹیلائٹ ہیں، جنہیں ایک ساتھ خلاء میں بھیجا جائے گا۔*

*بینگلورو سے سندھیدرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ......*

## ODISHA PREZ VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو جو منگل سے اوڈیشہ کے پانچ روزہ دورے پر ہیں، آج اوڈیشہ کی زراعت اور ٹیکنالوجی کی یونیورسٹی کی تقسیم اسناد کی تقریب میں شرکت کریں گی۔ وہ بھونیشور میں جوڈوشیل کورٹ کمپلیکس کا افتتاح بھی کریں گی۔ صدر جمہوریہ کل سے اپنے آبائی ضلعے کا دورہ کریں گی، جہاں وہ اپنی جائے پیدائش Uparbeda گاؤں کے رہائشیوں سے بات چیت کریں گی۔ وہ رائے رنگ پور میں مہیلا مہا ودیالیہ میں طلبا اور اساتذہ سے بات چیت بھی کریں گی۔

## ASSAM BEEF BAN

آسام سرکار نے ریسٹورینٹس، ہوٹلوں، عوامی تقریبات اور دیگر کمیونٹی مقامات پر بیف کھانے اور کھلانے پر مکمل پابندی عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ریاست کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کل اس کا اعلان کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Maanas**

*آسام حکومت نے عوامی مقامات، ہوٹلوں اور ریستورانوں میں بیف پر پابندی لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ کل کابینہ کی میٹنگ میں کیا گیا، جس کی صدارت وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے ورچؤل وسیلے سے کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوامی مقامات، ہوٹلوں اور ریستورانوں میں بیف پر فوری طور پر مکمل پابندی ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ اِس فیصلے سے آسام مویشی تحفظ قانون 2021 کو مزید تقویت ملے*

گی۔ حکمراں BJP نے اِس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے جبکہ حزبِ اختلاف کے رہنماؤں نے اس پر اعتراضات کیے ہیں۔

گوہاٹی سے Pratim سرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ........

**PB CEO MEET**

پرسار بھارتی کے CEO گورَو دیویدی نے کل پریاگ راج میں آ کاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل پرگیہ پالیوال، دور درشن کے ڈائریکٹر جنرل کنچن پرساد اور دور درشن نیوز کی ڈائریکٹر جنرل پریہ کمار کے ساتھ میٹنگ کی۔ جناب دیویدی نے میلہ اتھارٹی سے وابستہ امور اور پوری دنیا میں مہا کُنبھ کی نشریات سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ اس میٹنگ میں مہا کنبھ کیلئے تیار کئے جارہے مختلف پروگراموں کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ پرسار بھارتی کے CEO اور افسران آج میلہ اتھارٹی کے علاقے کا بھی دورہ کریں گے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**INDIA KUWAIT MOU**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور کویت کے وزیر خارجہ عبد اللہ علی الیحییٰ نے وزراء خارجہ کی سطح پر تعاون کے لیے ایک مشترکہ کمیشن JCC قائم کرنے کے مقصد سے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ اِس مفاہمت نامے میں تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، ٹیکنالوجی، زراعت، سیکیورٹی اور ثقافت سمیت شعبوں میں نئے مشترکہ ورکنگ گروپس تشکیل دینے کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ گروپس JCC کے تحت کام کریں گے اور دونوں ملکوں کے درمیان دو طرفہ تعلقات کا جائزہ لیں گے۔ دونوں لیڈروں نے مغربی ایشیا کے حالیہ واقعات اور خلیج تعاون کونسل کے ساتھ بھارت کے تعاون کے بارے میں تبادلہ خیال بھی کیا۔

**PM -KUWAIT FM**

وزیراعظم نریندر مودی نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ خلیجی تعاون کونسل GCC کی کویت کی موجودہ صدارت کے تحت بھارت اور خلیجی تعاون کونسل کے درمیان قریبی اشتراک و تعاون مزید مستحکم ہوگا۔ کویت کے وزیر خارجہ عبداللہ علی الیحیی نے کل دلّی میں وزیراعظم نریندر مودی سے اُن کی سرکاری رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، ثقافت اور عوام سے عوام کے مضبوط رشتوں جیسے شعبوں میں اشتراک و تعاون بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

جناب مودی نے کویت میں مقیم 10 لاکھ بھارتی برادری کا خیال رکھنے کیلئے کویت کی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے مغربی ایشیا کے حالات پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا اور خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کی جلد واپسی کیلئے تعاون فراہم کرنے کا یقین دلایا۔×

## BHUTAN KING-VISIT

بھوٹان کے شاہ Jigme Khesar Namgyel Wangchuck اپنی ملکہ Jetsun Pema Wangchuck کے ہمراہ آج سے بھارت کے دو روزہ دورے پر ہوں گے۔ دورے کے دوران بھوٹان کے بادشاہ، وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کریں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور حکومت کے سینئر عہدیداران بھی بھوٹان کے شاہ سے ملاقات کریں گے۔ بھارت اور بھوٹان کے درمیان باہمی افہام وتفہیم اور اعتماد پر مبنی دوستی اور تعاون کے منفرد رشتے ہیں۔ اُن کا یہ دورہ دونوں ملکوں کو دو طرفہ تعاون کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے اور دو طرفہ شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔

## SHEIKH HASINA

بنگلہ دیش کی معزول وزیراعظم شیخ حسینہ نے بنگلہ دیش میں اقلیتوں کو ستائے جانے کے معاملے پر ملک کے عبوری لیڈر محمد یونس کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ نیویارک میں ایک تقریب سے اپنے ورچوئل خطاب میں، شیخ حسینہ نے محمد یونس پر، نسل کُشی کا اِرتکاب کرنے اور ہندوؤں سمیت اقلیتوں کی حفاظت کرنے میں ناکام ہونے کا الزام لگایا ہے۔ انھوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ اُن کے والد شیخ مجیب الرحمان کی طرح انھیں اور ان کی بہن شیخ ریحانہ کو قتل کرنے کے منصوبے بنائے گئے تھے۔ مجیب الرحمان کو 1975 میں قتل کردیا گیا تھا۔ اگست میں، حکومت مخالف احتجاجات کے دوران ملک چھوڑنے کے بعد شیخ حسینہ کا یہ پہلا عوامی خطاب تھا۔ انھوں نے کہا کہ ڈھاکہ میں موجودہ حکومت اقلیتوں کی حفاظت کرنے میں ناکام رہی۔

انھوں نے کہا کہ ہندوؤں، بدھ مت کے ماننے والوں اور عیسائیوں- کسی کو بھی بخشا نہیں گیا ہے۔ 11 کلیساؤں کو تباہ کردیا گیا ہے اور مندروں اور بدھ مت کی عبادت گاہوں توڑا گیا۔ جب ہندوؤں نے اس کی مخالفت کی تو Iskcon کے لیڈر کو گرفتار کرلیا گیا۔ شیخ حسینہ نے کہا کہ اب لوگوں کو انصاف کا حق بھی حاصل نہیں رہا، نیز انھیں استعفیٰ دینے کا موقع بھی نہیں دیا گیا۔ وہ جولائی اور اگست میں حکومت مخالف احتجاج کے بعد سے بنگلہ دیش چھوڑ کر بھارت میں رہ رہی ہیں۔x

## FRANCE NO CONFIDENCE

فرانس کے وزیراعظم مِشیل Barnier کی حکومت قومی اسمبلی میں عدم اعتماد کا ووٹ حاصل کرنے میں ناکام رہی، جس کے بعد اُن کی حکومت تین مہینے باقی رہے گی۔ پیر کے روز پارلیمنٹ میں سالانہ بجٹ کو بغیر کسی ووٹ کے منظوری دینے

کی کوشش کے بعد، 577 ارکان میں سے 331 ارکان نے Barnier حکومت کے خلاف ووٹ دیا ہے۔ انتہائی دائیں بازو لیڈر Marina Le Pen نے کل رات عدم اعتماد کے ووٹ پر بحث کے دوران یہ کہتے ہوئے Barnier کی تنقید کی کہ انھوں نے ایک ایسا بجٹ پیش کیا ہے جو فرانس کی سلامتی سے متعلق بڑھتے ہوئے خدشات اور جرائم سے نمٹنے کے لیے کافی نہیں ہیں۔ فرانسیسی صدر کے دفتر بیان جاری کرکے کہا ہے کہ Emmanuel میخوں آج قوم سے خطاب کریں گے۔x

## BSF SEIZURE

سرحدی حفاظتی فورس BSF نے پنجاب پولیس کے ساتھ تال میل سے پاکستان سے متصل پنجاب سرحد پر چار مقامات پر اسمگلنگ کی تین کوششوں کو ناکام کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ کارروائی کل شام انجام دی گئی جس میں تین بھارتی اسمگلرز کو گرفتار کیا گیا ہے جن کے پاس سے پانچ کلوگرام ہیروئین اور ایک ڈرون ملا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے BSF کے ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ BSF نے گرداس پور کے سرحدی علاقے میں دو مشتبہ افراد کی ایک دور دراز فارم ہاؤس میں موجودگی کا الرٹ ملتے ہی پنجاب پولیس کے ساتھ مل کر فوراً کارروائی کی اور دو اسمگلرس کو گرفتار کرلیا۔ اِس کے علاوہ تین فاضِلکا، امرتسر اور ترَن تارَن کارروائی کے دوران ایک اور اسمگلر گرفتار کیا گیا۔ اِن سب کو مزید تفتیش کے لیے پنجاب پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے۔

## IMD WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے تین روز کے دوران ملک کی شمال مغربی علاقوں کے کم سے کم درجۂ حرارت میں بتدریج تین سے چار ڈگری سیلسیس کی کمی آنے کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر، کرناٹک، ساحلی آندھرا پردیش، یانم اور رایل سیما کے علاقوں میں الگ الگ مقامات پر آج گرج چمک کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

## SPORTS

بھارت نے کل رات عُمان کی راجدھانی مسقط میں اپنے روایتی حریف پاکستان کو تین کے مقابلے پانچ گول سے ہراکر مردوں کے جونیر ایشیا کپ ہاکی کا خطاب جیت لیا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: **V-C Omesh**

*مردوں کے ہاکی جونیر ایشیا کپ 2024 کے فائنل میں بھارت کے Arijeet Singh Hundal جیتنے والی ٹیم کی طرف سے ہیرو رہے۔ انھوں نے چار گول کیے جبکہ Dilraj Singh نے ایک گول کیا۔ اس جیت کے ساتھ بھارت نے بِرّ اعظم ایشیا میں اپنا تسلط ثابت کردیا ہے اور اس*

*نے ایشیائی چیمپئن میں اپنا تسلط ثابت کردیا ہے اور اس نے ایشیائی چیمپین کے طور پر 2004, 2008, 2015 اور 2023 کا اعادہ کیا ہے۔*

*اِدھر بھارت کی 19 سال سے کم عمر کی کرکٹ ٹیم ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں کے لیے کوالیفائی کرگئی ہے۔ بھارتی ٹیم نے کل شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں متحدہ عرب امارات کی ٹیم کو 10 وکٹ سے ہرایا۔ اب کل سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔*

*عالمی شطرنج کی بات کریں تو بھارت کے D.Gukesh اور چین کے Ding Liren کے درمیان کل سنگاپور میں Fide World Championship 2024 کے آٹھویں راؤنڈ میں مقابلہ ڈرا ہوگیا۔ اب Gukesh اور Liren دونوں کو چیمپین شپ کے باقی چھ میچوں میں خطاب جیتنے کے لیے مزید تین اعشاریہ پانچ پوائنٹ کی ضرورت ہے۔*

*اومیش اپادھیائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......*

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - محمد عمار

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے : دیویندر فڈنویس ہونگے مہاراشٹر کے اگلے وزیراعلیٰ، حلف برداری آج۔ وزیراعظم کی شرکت متوقع۔ اخبار انقلاب نے بھارت اور چین کے درمیان تعلقات کے سلسلے میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے راجیہ سبھا میں دیے گئے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ قومی سلامتی کے مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے چین کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔ اخبار پرتاپ کی ایک سرخی ہے دربار صاحب میں شرومنی اکالی دل کے رہنما پر فائرنگ، بال بال بچے۔

ہندوستان ایکسپریس نے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کے لوک سبھا میں دیے گئے اس بیان کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے کہ ٹرینوں میں ایک ہزار اضافی کوچز لگائے جائیں گے۔ اخبار ملاپ کی ایک سرخی ہے: دلی کی فضائی آلودگی میں کمی، AQI، دو سو سے نیچے، لوگوں نے راحت کی سانس لی۔ اخبارات نے وائناڈ کے متاثرین کے لیے مالی مدد کی خاطر پرینکا گاندھی کی وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کی خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطینی ریاست کے قیام پر زور، بڑی اکثریت سے قرارداد منظور۔
- کوریا کے صدر کے مستعفی نہ ہونے پر اپوزیشن کی بغاوت کا مقدمہ چلانے کی دھمکی۔
- امیر قطر کا سرکاری دورہ برطانیہ، شاہ چارلس کی جانب سے خیر مقدم۔
- نامیبیا میں پہلی بار خاتون صدر منتخب۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 BJP کے سینئر رہنما دیویندر فڑنویس آج تیسری مرتبہ مہاراشٹر کے وزیراعلی کے طور پر حلف لیں گے۔

2. جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ ہیمنت سورین آج سہ پہر اپنی کابینہ کی توسیع کریں گے۔

3. خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اِسرو نے، یوروپ کی خلائی ایجنسی کے PROBA-3 کو آج دوبارہ لانچ کرنے کا پروگرام بنایا ہے۔

4. بھارت اور کویت نے وزرائے خارجہ کی سطح پر باہمی اشتراک وتعاون کیلئے مشترکہ کمیشن تشکیل دینے کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔

5. بنگلہ دیش کی معزول وزیراعظم شیخ حسینہ نے ملک کے عبوری رہنما محمد یونس پر نسل کُشی کا اِرتکاب کرنے اور ہندوؤں سمیت اقلیتوں کی حفاظت کرنے میں ناکام ہونے کا الزام لگایا ہے۔

6. اور : بھارت نے پاکستان کو تین کے مقابلے پانچ گول سے ہراکر ریکارڈ پانچویں مرتبہ مردوں کے جونیئر ایشیاء کپ ہاکی کا خطاب جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---